## سوال

(204)قیامت کے دن بیوی کس خاوند کے ساتھ ہوگی؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید نے ہندہ کے ساتھ نکاح کیا بعدچند روزیاچند ماہ یاچند سال قبل تولد اولادیا بعد تولد اولاد زید کا انتقال ہوا۔ بعدہ بعدعدت ہندہ نے نکاح ثانی عمرو کے ساتھ کرلیا اب اس میں دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ روزقیامت کے حساب کے بعد مثلاً: زید بہ باعث نکوکاری جنتی ہوااورہندہ برعکس اس کے اور دوسرے صورت یہ کہ زید ہندہ دونوں جنتی ہوئے بہرکیف جنت میں ہندہ زید کوملے گی یا عمرو کو؟مرسلہ: احمد محمدی ازمکان مولوی غلام یحییٰ صاحب وکیل ہائیکورٹ۔ الٰہ آباد۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت کواختیار دیا جائے گا جس کو چاہے اختیار کرلے اور بعض روایت سے مستفاد ہوتا ہے کہ جوشوہر دنیا میں اس کے ساتھ حسن خلق کے ساتھ زیادہ برتاؤ رکھتا تھا۔[1] بعض سے ظاہر ہوتا ہے کہ آخری شوہر کو دی جائے گی۔[2] (معجم طبرانی ومسند بزارو طبقات ابن سعد) واللہ اعلم بالصواب۔ کتبہ: ابوالفیاض محمد عبد القادراعظم گڈھی مؤی۔ مہر مدرسہ (25/9/94)

ھوالموفق:۔

اس بارے میں کہ عورت کس شوہر کوملے گی؟ وہی تین روایتیں جوجواب میں لکھی گئی ہیں نقل کی جاتی ہیں مگرجن کتابوں سے یہ روایتیں نقل کی جاتی ہیں وہ یہاں موجود نہیں کہ ان میں دیکھ کران روایتوں کا صحیح ہونایا ضعیف ہونا معلوم ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔ کتبہ: محمد عبدالرحمن مبارکپوری۔

---

[1]۔المعجم الکبیر(23/367)امام ہیثمی فرماتے ہیں۔"رواہ الطبرانی وفیہ سلیمان بن ابی کریمہ ضعفہ ابوحاتم وابن عدی"

[2]۔المعجم الاوسط(3/275)السلسلة الصحیحہ رقم الحدیث(1281)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری**

کتاب النکاح، صفحہ:396

محدث فتویٰ